# جوبلی شفا

## ہسپتال کیش انشورنس

(ہسپتال کے لیے نقد انشورنس)





## پروڈکٹ کا تعارف

صحت اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہمارے لیے ایک عظیم نعمت ہے۔ پریشانیاں ہمارے دروازوں پر کسی بھی وقت دستک دی سکتی ہیں۔اس وقت سے پہلے زبردست منصوبہ بندی سے اپنی زندگیوں کو غیر یقینی حالات سے پاک کرنا اہم ہے۔ اپنے طبی اخراجات کا بندوبست کرلینا ہماری زندگیوں کو پریشانیوں سے پاک کرسکتا ہے۔

جوبلی جنرل انشورنس کی، ہسپتال کے لیے نقد دینے والی شفاپروڈکٹ کے ساتھ اپنی زندگی کا ہر لمحہ خوشگوار بنائیں،کیونکہ یہ پروڈکٹ مشکل وقت میں ہسپتال کے بلز کی ادائیگی کا وعدہ کرتی ہے۔یہ پروڈکٹ کسی بیماری یاحادثے کی صورت میں ہسپتال داخل ہونے پر مالی مدد فراہم کرنے کے لیے تیار کی گئی ہے۔

حبیب بینک لمیٹڈ(بینک) جوبلی شفا ہسپتال کیش انشورنس کے لیے جوبلی جنرل انشورنس کی جانب سے ایک ڈسٹری بیوٹر کے طورپر خدمات انجام دے رہا ہے اور بینک کوکسی بھی طرح کسی فرد بشمول بیمہ شدہ فرد یا تیسرے فریق کی جانب سے ذمہ دار نہیں ٹھہرایا جاسکتا۔یہ پلانزبینک ڈپازٹس نہیں ہیں اور نہ ہی HBLایسی پروڈکٹس کی کارکردگی کے حوالے سے کسی بھی طرح ذمہ دار نہیں ہوگایا پلان کے تحت کسی بھی کلیم کی ادائیگی یا پروسیسنگ میں کسٹمر کو ہونے والے کسی بھی ممکنہ نقصان کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔

## جوبلی جنرل انشورنس کا تعارف

جوبلی جنرل 1953میں قائم ہوئی اور یہ پاکستان کے تین بڑے انشوررز میں شامل ہونے کے ساتھ اس انڈسٹری میں 6دہائیوں پر محیط تجربہ اور مستحکم ترقی رکھتی ہے اور پاکستان کے انشورنس مارکیٹ میں ایک باوقار نام ہے۔

انشورنس پروڈکٹس کی وسیع رینج کے ساتھ، جوبلی جنرل انشورنس کے کلائنٹس میں ممتاز اور ملٹی نیشنل ادارے شامل ہیں جو مختلف اور وسیع شعبہ جات سے تعلق رکھتے ہیں۔ جوبلی کے کاروباری فلسفے کوکسٹمرکی ترجیحات کے مطابق بہترین خدمات، تحفظ، اطمینان اور اعتماد سے تعبیر کیا جاسکتا ہے۔

## اہلیت

HBLکا کوئی بھی اکاؤنٹ ہولڈر جس کی عمر 18سے 64سال کے درمیان ہے وہ جوبلی شفا، ہسپتال کیش انشورنس کے لیے اہل ہے۔مزید براں، کسٹمر 65سال کی عمر تک اپنی پالیسی کو دوبارہ حاصل کرسکتا ہے۔*عمر کا تعین آئندہ سالگرہ کی بنیاد پر ہوگا۔

## ہر فرد کے لیے سالانہ کوریج کی حدود

آپ کو اپنی پسند کے مطابق **جوبلی شفا، گولڈ** اور **جوبلی شفا سلور** میں سے کسی کا منتخب کرنے کا اختیار ہے،ان کی سالانہ لمٹس منتخب شدہ پلان کے کور کی بنیاد پر **1800,000** اور **900,000** تک ہوسکتی ہیں۔یہ لمٹس کسی سرجری یا حادثے کے باعث ایمرجنسی کی صورت میں بڑھ جائیں گی مثلاً **2,700,000** اور **1,300,000** اور آئی سی یو میں داخلہ کی صورت میں کوریج بالترتیب **3,600,000** اور **1,800,000** (فی فرد کی بنیاد پر)کے ساتھ دوہری ہوجائے گی۔

## کوریج کا دائرہ کار

ہسپتال میں داخل ہونے کی لمٹس سالانہ ہیں اور "فی فرد" کی بنیاد پر مختص کی جاتی ہیں۔مطلب یہ ہے کہ لمٹس "ہر ممبر کی بنیاد"پر مختص کی جائیں گی جنہیں سال بھر میں مختلف اوقات پرپوری لمٹ ختم ہونے تک استعمال کیا جاسکتا ہے۔



Jubilee GENERAL INSURANCE

## فوائد کی تفصیل

**روزانہ کیش کا فائدہ:** زندگی کے بیمہ کی صورت میں،زخمی یا بیمارہونے پر ہسپتال میں داخل ہونا ضروری ہوجائے توکم از کم پورا ایک داخل رہنے پر کمپنی متعلقہ کلیم /ہسپتال کا بل موصول ہونے پر روزانہ کیش کا فائدہ دے گی۔ اس فائدے کی ادائیگی زیادہ سے زیادہ مسلسل 180دن داخل رہنے تک حاصل ہوگی اور فائدے کی تفصیل میں دکھائی گئی زیادہ سے زیادہ لمٹ تک ادا ئیگی ہوگی۔اس کے علاوہ آئی سی یو /ایکسیڈنٹ/سرجری کیسز کے لیے ہر بار زیادہ سے زیادہ 15دن تک کے لیے ادائیگی ہوگی۔

نوٹ: فوائد کے شیڈول میں اندراج کے مطابق ز یادہ سے زیادہ فائدہ قابل ادا ہوگا اور ایک دن سے کم داخلہ کی صورت میں کوئی بھی فائدہ حاصل نہیں ہوگا۔

| ہسپتال میں داخلہ کے دوران روزانہ کیش کا فائدہ | جوبلی شفا | |
|---|---|---|
| | سلور (روزانہ) | گولڈ (روزانہ) |
| منتخب کردہ پلان کے مطابق بیمہ شدہ فرد کے لیے ہسپتال میں داخل رہنے والے دنوں کے اعتبار سے متعین کردہ رقم ادا کی جائے گی۔سال میں کم از کم ایک دن یا زیادہ سے زیادہ 180دن علاج معالجے کے لیے ہسپتال میں داخل رہنے پر فائدہ حاصل ہوگا۔ | | |
| ادائیگی کا فائدہ ہسپتال میں داخل رہنے کی مدت کے اعتبار سے ہوگا۔ ادائیگی کا دارومدار ہسپتال میں علاج معالجے کی نوعیت اور علاج کے طریقہ کارپر ہوگا۔ | 5,000 | 10,000 |
| کسی سرجری یا حادثے کی صورت میں ہسپتال داخل ہونے پر ادائیگی کا فائدہ 50فیصد تک بڑھ جاتا ہے۔ | 7,500 | 15,000 |
| اگر مریض کو ICUمیں داخل کیا جاتا ہے تو ادائیگی کا فائدہ 100فیصد تک بڑھ جاتا ہے۔ | 10,000 | 20,000 |

### زیادہ سے زیادہ فائدے کی لمٹس

| | | |
|---|---|---|
| مجموعی طورپر روزانہ زیادہ سے زیادہ کیش کی حد | 900,000 | 1,800,000 |
| سرجری یا حادثے کی صورت میں زیادہ سے زیادہ حد | 1,350,000 | 2,700,000 |
| ICUمیں علاج کی صورت میں زیادہ سے زیادہ حد | 1,800,000 | 3,600,000 |

### اندراج کا آسان طریقہ کار

یہ انشورنس کوریج حاصل کرنے کے لیے کسی بھی قسم کے میڈیکل دستاویزات/ٹیسٹ درکار نہیں۔

Jubilee GENERAL INSURANCE

## پریمیم ٹیبل

| | جوبلی شفا | |
|---|---|---|
| | سلور | گولڈ |
| ہسپتال میں داخلہ کے دوران روزانہ کیش کا فائدہ | | |
| سالانہ پریمیم (بشمول ٹیکسز) | PKR 2,500 | PKR 5,000 |

## فری لک پیریڈ

پالیسی ہولڈر کے لیے فری لک پیریڈ 14دن ہے،یہ مدت شرائط وضوابط کا جائزہ لینے کے لیے پالیسی دستاویزوصول کرنے کی تاریخ سے شروع ہوتی ہے۔اگر پالیسی ہولڈر کو شرائط وضوابط سے متعلق کوئی تحفظات ہیں تو پالیسی ہولڈر سبب بتا کر پالیسی منسوخ کرسکتا ہے۔فری لک پیریڈ کے دوران اگر پالیسی ہولڈر نے کوئی کلیم نہیں کیا،تو پالیسی ہولڈر کوپورا پریمیم حاصل کرنے کے حق ہوگا۔

## کلیم جمع کرانا

پالیسی کے حوالے سے کلیم کا تحریری نوٹس جوبلی جنرل کو ہسپتال میں داخل ہونے کے 30دن کے اندر جمع کرانا لازمی ہے۔پالیسی ہولڈر کمپنی کو مطلوب تمام ثبوت فراہم کرے گا۔

## انتظار کی مدت

پالیسی کے پہلے سال میں، پالیسی جاری ہونے اور پالیسی ہولڈر کو فراہم کرنے سے 30دن کے بعد کوریج موثر ہوگی،اس میں حادثاتی ایمرجنسی شامل نہیں، ایمرجنسی میں پالیسی کوریج شروع ہوتی ہی یہ سہولت میسر ہوجاتی ہے۔ تاہم انتظار کی مدت بغیر کسی وقفے سے دوبارہ حصول پر لاگو نہیں ہوتی۔

## اہم شرائط واستثنات

اس پالیسی میں درج ذیل شامل نہیں اور ذیل کی صورتوں میں کوئی فوائد حاصل نہیں ہوں گے:

1۔ پہلے سے موجود بیماریاں
2۔ پالیسی حاصل کرنے کے 30دن کے اندر کوئی علاج،اس میں حادثات اور دوبارہ حصول شامل نہیں۔
3۔ عمومی فزیکل چیک اپ، ریسٹ کیور، ویکسین کرانا بشمول سروسز، اوپی ڈی کے اخراجات
4۔ جنگ یا فسادات یا خانہ جنگی اور ہنگاموں میں موثر شمولیت سے بیماریا زخمی ہونا
5۔ کسی خطرنات کھیل میں بیمہ شدہ فرد کی جانب سے شرکت کے نتیجے میں زخمی ہونے پر علاج کرانا، اس میں تفریح یا مقابلے، بشمول کسی ریس یا مقابلے میں گھڑسواری، ڈرائیونگ اور کسی پیشہ ورانہ کھیل میں شرکت بھی شامل ہے۔
6۔ پیدائشی،کاسمیٹک، جمالیاتی یا خوبصورتی سے متعلق علاج مستثنیٰ ہے۔
7۔ ایچ آئی وی ایڈز یا جنسی طورپر منتقل ہونے والی بیماری مستثنیٰ ہے۔
8۔ زچگی کے اخراجات،افزائش نسل، نامردی،بانجھ پن،نس بندی کرانا یا متعلقہ علاج مستثنیٰ ہے۔
9۔ نفسیاتی علاج، منشیات کے استعمال، خود کو زخمی کرنے سے متعلق علاج مستثنیٰ ہے۔
10۔ مصنوعی اعضاء کی پیوند کاری، مصنوعی آلات، آلات سماعت، بے ساکھیاں، مصنوعی دانت لگانے کے اخراجات اس کوریج میں شامل نہیں ہیں۔



# اکثر پوچھے جانے والے سوالات

## فری لک ان پیریڈ کیا ہے؟

فری لک پیریڈ پارٹیسپیشن ممبر شپ دستاویز حاصل کرنے کے بعد 14دن کا اضافہ وقت ہے جس میں جوبلی شفا ہسپتال کے لیے کیش پروڈکٹ کی شرائط وضوابط کو سمجھا جاسکتا ہے اور شکایات کے صورت میں آپ پلان منسوخ بھی کرسکتے ہیں اور آپ تصفیہ کے فائدے کے طورپر اپنے کنٹری بیوشن کی کل رقم واپس لے سکتے ہیں۔

## شکایات کی صورت میں کس سے رابطہ کیا جاسکتا ہے؟

سوالات یا شکایات اور مسائل کی صور ت میں پالیسی ہولڈر درج ذیل آفس سے رابطہ کرسکتے ہیں:

حبیب بینک لمیٹڈ، ہیڈ آفس،21ویں منزل، ایچ بی ایل ٹاور، تین تلوار، کلفٹن کراچی،

**ہیلپ لائن:** 111-111-425

یا

**جوبلی جنرل انشورنس کمپنی لمیٹڈ**

بینک ایشورنس ڈپارٹمنٹ، تیسری منزل، جوبلی انشورنس ہاؤس،

آئی آئی چندریگر روڈ، پی او باکس نمبر4795،کراچی74000، پاکستان

**یواے این:** 021-111-654-111

**فون:** 021-32416022-26 (ایکسٹینشن:2532/2534/2535)

**ای میل:** bancassurance@jubileegeneral.com.pk:

**ویب سائٹ:** www.jubileegeneral.com.pk

## کلیم کے لیے میں کس سے رابطہ کروں؟

کلیم یا شکایات کی صورت میں کسی شکایت یا سوال کے لیے، کسٹمر درج ذیل ایڈریس سے رابطہ کرسکتا ہے:

ہیلتھ انشورنس ایڈمنسٹریشن آفیس

پی این ایس سی بلڈنگ، دوسری منزل، ایم ٹی خان روڈ، کراچی 74000پاکستان۔

**فون:** 021-3565 7555-6

**ای میل:** customer.services@jubileehealth.com

## کلیم داخل کرنے کا طریقہ کار کیا ہے؟

کلیم کے لیے، براہ مہربانی جوبلی ہیلتھ،کلیم مینیجر سے 021-3565 7885-6پر پاکستان میں کہیں سے بھی رابطہ کیا جاسکتا ہے یا ای میل بھی کرسکتے ہیں:customer.services@jubileehealth.com

## کلیمز پر کتنے روز کے اندر کارروائی مکمل ہوگی؟

جوبلی جنرل انشورنس مطلوبہ دستاویزات کی تکمیل سے 15دن کے اندر کلیم کی کارروائی مکمل کرے گی۔

## میں جوبلی شفا، ہسپتال کے لیے کیش انشورنس کیسے حاصل کر سکتا ہوں؟

آپ کو اندراج کے لیے ایچ بی ایل کے بزنس ڈیولپمنٹ یونٹ(BDU)کی جانب سے کال موصول ہوگی اور اگر آپ 64سال تک کے صحت مند پاکستانی ہیں تو آپ کو قبولیت پر ہی انرول کیا جائے گا۔ اس کے لیے کسی طبی جائزے کی بھی ضروری نہیں۔

## کیا میں بیرون ملک سفر یا چھٹیوں کے دوران بھی اس سہولت سے مستفید ہوں؟

جی ہاں، ایمرجنسی کی صورت میں پالیسی عالمی کوریج فراہم کرتی ہے۔تاہم کلیم کا فیصلہ پاکستان روپے میں ہوگا جس طرح پالیسی کے شرائط وضوابط میں درج ہے۔اس میں ادائیگی کا دارومدار منتخب پلان اور روزانہ کی لمٹ کے مطابق ہوگا۔

## کیا پہلے سے موجودکوئی بیماری اس میں کور ہوتی ہے؟

پہلے سے موجود بیماری سے مراد کوئی بیماری، کوئی جسمانی خرابی، یا زخم یا ایسی بیماری کی علامات ہے، بیماری یا زخم جو معائنے میں معلوم ہوا یا علاج کیا گیا یا زیر علاج ہے یا اس کی خبر ہے، حالانکہ کوئی بھی طبی مشورہ یا علاج نہیں ہوا، اور جو اس کوریج کی تاریخ سے موثر ہے۔

اس پروڈکٹ میں پہلے سے موجود بیماری کے لیے 'اسکوپ آف کوریج' میں فراہم کردہ لمٹ تک خصوصی طورپر کور ہوگی۔

## کیا پہلے سے موجود بیماری یا خرابی کی صورت میں یہ پروڈکٹ حاصل کرسکتا ہوں؟

جی ہاں، آپ پھر بھی یہ پروڈکٹ حاصل کرسکتے ہیں۔ پہلے سے موجود بیماری کے علاوہ، اس پالیسی کے حصول کے بعد کی تمام حالتیں 100فیصد تک کور ہوں گی۔

## اس میں کوئی استثناجات ہیں؟

آؤٹ پیشنٹ علاج پر آنے والے اخراجات، ذہنی بیماریاں، موروثی بیماریاں یا خرابیاں، منشیات کااستعمال، خانہ جنگی، بانجھ پن، کاسمیٹک علاج، عام رواجی میڈیکل چیک اپ، خوبصورتی سے متعلق علاج، چشمے، اور آلات سماعت، دانتوں کا علاج، خود کو نقصان پہچانے جیسی کیفیات اس میں شامل نہیں ہیں۔ اس کے علاوہ اندراج سے 30دن کے اندرایمرجنسی یا حادثے کے علاوہ کوئی بھی علاج اس میں شامل نہیں ہوگا۔ مزید تفصیلات کے لیے پالیسی کی شرائط وضوابط ملاحظہ کریں۔

## کیا زچگی اس پلان میں شامل ہے؟

اس پروڈکٹ میں حمل اور متعلقہ پیچیدگیاں، بچے کی پیدائش(بشمول سرجیکل ڈلیوری)، حمل کا ضایع ہونا، حمل گرانایا متعلقہ پری نیٹل یا پوسٹ نیٹل علاج، ختنہ کی صورت میں کوئی بھی کور حاصل نہیں ہوگا۔

## ان میں کوئی قبولیت والی حالت موجود ہے؟

کینسر، ذیابیطس، اور ایچ آئی وی ایڈز سے متاثر افراد کے لیے کوریج موجود نہیں ہے۔

## فری لک پیریڈ کے بعد پالیسی کی منسوخی کی صورت میں کیا مجھے پریمیم واپس ملے گا؟

فری لک پیریڈ کے بعد پریمیم کی رقم واپس نہیں ہوگی۔

## میں کتنے دنوں میں پالیسی دستاویزات حاصل کروں گا؟

آپ کے اکاؤنٹ سے رقم کی کٹوتی کے بعد 10روز کے اندر آپ کو پالیسی دستاویزات بھیجے جائیں گے۔





### جوبلی شفا،ہسپتال کے لیے کیش انشورنس منسوخ کرنے کی صورت میں کیا طریقہ کار ہے؟

آپ کسٹمر انٹریکشن سینٹر سے425-111-111پر کال کے ذریعے یا کسی بھی ایچ بی ایل برانچ وزٹ کرکے منسوخی کی تحریری درخواست فراہم کرسکتے ہیں۔پریمیم کی واپس ادائیگی صرف اس صورت میں ہوگی کہ پالیسی دستاویزات وصولی کے بعد آپ 14دن کے فری لک پیریڈ کے اندر یہ درخواست کریں، بعد ازاں کوئی بھی کلیم قابل قبول نہیں۔

یا رابطہ کریں:


**جوبلی جنرل انشورنس کمپنی لمیٹڈ**

تیسری منزل، جوبلی انشورنس ہاؤس، آئی آئی چندریگر روڈ،

پی او باکس نمبر4795، کراچی، 74000، پاکستان

**یو اے این:** 111-654-111 **ایکسٹینشن:** 2532/2535/3702

**فون:** 021-32402004-09

**ویب سائٹ:** www.jubileegeneral.com.pk


## انتباہ:

1۔ حبیب بینک لمیٹڈ(بینک) جوبلی شفا ہسپتال کیش انشورنس کے لیے جوبلی جنرل انشورنس کی جانب سے ایک ڈسٹری بیوٹر کے طورپر خدمات انجام دے رہا ہے اور بینک کوکسی بھی طرح کسی فرد بشمول بیمہ شدہ فرد یا تیسرے فریق کی جانب سے ذمہ دار نہیں ٹھہرایا جاسکتا۔

2۔ بیمہ شدہ کسٹمر کا اسٹیٹمنٹ آف اکاؤنٹ، درخواست فارم یا ریکارڈ شدہ زبانی اسٹیٹمنٹ اور اقرار نامے اس پروگرام میں اندراج کے لیے کافی ہوں گے(اگر اس پروگرام کے تحت اکاؤنٹ چارج ہوتا ہے) اور اس انشورنس پالیسی کے تحت حقیقی بینفشری کی قبولیت تصور ہوں گے۔

3۔ یہ بات واضح رہے کہ بینک کو کسی بھی حالت میں بلواسطہ یا بلاواسطہ انشورنس آپریٹر کی ذمہ داری سے مبرا سمجھا جائے اور انشورنس فراہم کرنے والی کی ذمہ داری بینک پر عائد نہیں کی جائے گی۔

4۔ علاوہ ازیں، بینک کو کسی دیگر پالیسی کے حوالے سے انشورنس پرووائیڈر کا بروکر یا ایجنٹ تصور نہیں کیا جائے گا۔

5۔ اس کے ساتھ، بینک کو بلواسطہ یا بلاواسطہ کسی بھی ذمہ داری سے بری سمجھا جائے جوکہ انشورنس فراہم کرنے والے پر بیمہ شدہ فرد کے کاروبار یا دیگر کسی کور کی ذمہ داری سے متعلق ہو۔یہ پالیسی انشورنس فراہم کرنے والے اور بیمہ کرانے والے کسٹمر کے درمیان ایک آزاد معاہدہ پر مشتمل ہے۔

6۔ یہ کتابچہ پالیسی کے فوائد کا تعارف اور عمومی وضاحت ہے۔ مکمل شرائط وضوابط کے لیے، براہ مہربانی پالیسی کی شرائط وضوابط ملاحظہ کریں۔